Date

اسلامیات

اسلام سے کیا مراد ہے؟ اس کی نمایاں خصوصیات بیان کریں۔

جواب

تعارف

اسلام ایک سچا مذہب ہے، یہ اللہ کے نظام حیات کا مظہر ہے جو خالق و مالک ہے اور جو انسانیت کی رہنمائی فرماتا ہے۔ انسان کی سماجی، ثقافتی اور روحانی ضروریات کی تکمیل کے لیے انسانوں میں سے ہی انبیاء اکرام منتخب کیے اور انہوں نے لوگوں کو صراط مستقیم پر چلایا۔ اس نظام حیات کو اسلام کہا جاتا ہے جو رب کائنات نے انبیاء اور رسول کے ذریعے لوگوں تک پہنچایا۔

Scanned with CamScanner

Date

اسلام کا مفہوم اور تصور

اسلام عربی زبان کے لفظ "مسلم" سے اخذ کیا گیا ہے جس سے مراد امن و اطاعت ہے اسلام عبادات و عقائد کے علاوہ اخلاقیات، سیاست، معاشیات، سماج، قومی اور بین الاقوامی تمام معاملات میں مسلمانوں کی مکمل رہنمائی کرتا ہے

اسلام کی خصوصیات

اسلام ایک ایسا علم ہے جو زندگی کے تمام احاطوں کو تفصیل میں بیان کرتا ہے یہ ایک افضل مذہب ہے اس کی اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:-

(1) روحانی نظریہ حیات

اسلام کی سب سے بڑی اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ نظام حیات عقلی کوششوں پر مبنی نہیں ہے بلکہ روحانی ہدایات پر مبنی ہے

Scanned with CamScanner

اسلام کسی انسان کے ذہن کا تخلیق کردہ نہیں ہے بلکہ اس کی تخلیق خالق و مالک کائنات نے کی ہے اور انسان کو پیدا کرنے والی ذات بھی وہی ہے۔ ماضی، حال اور مستقبل کو بخوبی جاننے والا وہی ہے انسان کی مادی اور جسمانی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ اس نے انسان کی اخلاقی، تمدنی اور ثقافتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انبیاء اکرام نازل فرمائے۔ قرآن میں اس کو سب سے بڑا احسان کہا گیا ہے:

"اللہ تعالیٰ کا مومنین پر بڑا احسان ہے کہ اس نے انسانوں میں سے ~~انبیاء~~ پیغمبر مبعوث فرمایا جو ان کو آیات پڑھ کر سناتا اور ان کا تزکیہ نفس کرتا"۔

Date ______ Day M T W T F S

(۲)

اسلامی تصورِ توحید

توحید اسلام میں مرکزی اہمیت رکھتی ہے علامہ شبلی نعمانی کی کتاب میں حضرت محمدؐ کی دو احادیث بیان کی گئی ہیں وہ درج ذیل ہیں:

"توحید اسلام کا پہلا سبق ہے"

"اسلام ایک قلعے کی مانند ہے اور اس قلعے میں داخل ہونے کا دروازہ توحید ہے"

(۳)

عقیدہ رسالت

اسلام میں تمام روایات اور رہنمائی بیان فرمائی گئی ہے مگر اس کو صحیح طریقے سے عملی جامہ پہنانے کے لیے حضرتؐ محمدؐ پر عقیدہ اور پختہ ایمان رکھنا لازم قرار دیا گیا ہے

Scanned with CamScanner

اور ان کے طریقوں پر عمل
کرنا لازم ہے اسی لیے سورۃ
احزاب میں 33:40 میں بیان کیا
وہ درج ذیل ہے:

"محمدؐ تم میں سے کسی مرد
کے باپ نہیں ہیں اور
وہ خاتم النبیین ہیں"

اسلام ایک ضابطہ حیات ہے اور
اگر حضرت محمدؐ کی زندگی پر عمل
کرنے سے انسان مکمل طور پر
صراط مستقیم پر آجاتا ہے

(17)

اسلام اور زندگی

اسلام ایک ایسا
دین ہے جو تا قیامت موجود رہے
گا

(1)

کردار سازی

اسلام وہ واحد
مذہب ہے جو لوگوں کی کردار سازی

Scanned with CamScanner

پر زور دیتا ہے اور اس حوالے سے حدیث درج ذیل ہے:

"جو شخص لوگوں کے ساتھ نرمی نہیں رکھتا اللہ بھی اس کے ساتھ نرمی نہیں رکھتا۔"

(ii)

انسانیت کی فلاح و بہبود

اسلام ہی وہ مذہب ہے جو لوگوں کی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتا ہے۔
ڈاکٹر و شیخ اللہ عباس کی کتاب (اسلام کی غلامانہ بولی) سے ہمیں ظاہر ہوتا ہے کہ صدقہ جاریہ اور رفاع عامہ کی تعلیم اسلام ہمیں 1400 سال پہلے سے دے رہا ہے۔

(iii) زکوٰۃ کا تصور

زکوٰۃ کا عمدہ تصور اسلام نے ہمیں زکوٰۃ کا عمدہ تصور دیا ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے ان لوگوں کے خلاف جہاد کیا جن لوگوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کیا۔ اس کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ درج ذیل ہے:

"مسلمان تو دولت کو خرچ کرتے ہیں بجائے اس کے کہ دولت سے محبت کریں۔"

زکوٰۃ کا مقصد غربت کو جڑ سے نکالنا ہے۔

(iv) طبی امداد

اسلام تمام پہلوؤں میں رہنمائی کرنے کے ساتھ ساتھ طبی معاملات کے بارے میں بھی ہدایات فراہم کرتا ہے۔ جو درج ذیل ~~ہیں~~ اسی طرح اسلام کے مطابق ہر جان قیمتی ہے۔ اس حوالے

سے قرآن مجید میں فرمایا گیا:
"ایک انسان کا قتل پوری
انسانیت کا قتل ہے اور
ایک انسان کو بچانا پوری
انسانیت کو بچانا ہے"۔
طبی معاملات کی اہمیت کو
دیکھتے ہوئے حدیث قدسی درج ذیل
ہے:

(۷)

انفرادیت اور اجتماعیت

اسلام ایسا
مذہب ہے جو اجتماعیت اور انفرادیت
میں بڑا توازن رکھتا ہے۔ یہ انسان
کے بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے
ان کی شخصی نشونما کرتا ہے اور
خیال کی شدت سے مخالفت کرتا
ہے۔ اس سلسلے میں حدیث درج
ذیل ہے:

"مل جل کر رہو، ایک
دوسرے سے مت کٹو دوسروں
کے لیے آسانیاں پیدا کرو
مشکلات پیدا نہ کرو"۔